شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں

جناب اکبر نظام الدین صابری، سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ خاموش و موجودہ امیر جامعہ نظامیہ

کے اہانت آمیز گستاخانہ عبارات پر مشتمل مضمون پر

جامعہ منظر اسلام بریلی اور جامعہ نعیمیہ مراد آباد (یوپی) کے فتاویٰ کفر و جامعہ نظامیہ کے فتویٰ عدم کفر اور مضمون مذکور کا جائزہ

لمعات القرآن فی تجدید الایمان

(مسمیٰ بہ)

مولفہ

مولانا سید محمد تنویر الدین سیف خدانمائی افتخاری

بی کام، ایم۔ اے (فارسی و عربی) عثمانیہ

کامل الحدیث، جامعہ نظامیہ

لکچرر شعبہ فارسی، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد

ناشر:

محمد باقر حسین شاذ، کنوینر انٹرنیشنل غریب نواز مشن،

پوسٹ باکس نمبر ۶۲، سالار جنگ کامپلکس، دیوان دیوڑھی، حیدرآباد۔ (۲)

عرض مولف

حامداً و مصلیاً :۔ مخفی نہ رہے کہ بلا تحفظ ذہنی عاشق رسولؐ و عاشق غریب نوازؒ جناب محمد باقر حسین شاذ صاحب کنوینر انٹرنیشنل غریب نواز مشن و ایڈیٹر روزنامہ ساز دکن ، جناب مولوی میر فصاحت علی قادری ملتانی ، ڈاکٹر خورشید حسین صاحب کا ممنون ہوں کہ ان کی حمیت ایمانی اور جذبہ حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے باعث جامعہ نظامیہ سے والہانہ وابستگی کے سبب میرا چند سطری رسالہ لمعات القرآن فی تجدید الایمان (مسمی بہ) "ضرورت توبہ" شائع ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے امید کہ یہ مختصر رسالہ کفر و ایمان کے درمیان خط فاصل کھینچنے میں ممد و معاون ثابت ہوگا۔

احقر العباد سید محمد تنویر الدین سیف

خدانمائی افتخاری کامل الحدیث جامعہ نظامیہ

۶ / نومبر ۱۹۹۶ ، مطابق شب ۲۴ / جمادی الثانی ۱۴۱۷ھ

اشاعت کا پس منظر

موجودہ امیر جامعہ نظامیہ اکبر نظام الدین نے شان رسالتمآبؐ میں گستاخی کی جس پر جامعہ نعیمیہ مراد آباد اور جامعہ منظر اسلام بریلی شریف نے کفر کے فتاوے صادر کرلے کے باوجود خود جامعہ نظامیہ لے اہل سنت والجماعت مسلمانوں کی رہنمائی کے بجائے گستاخ رسولؐ کی حمایت میں فتویٰ جاری کیا۔ افسوس کہ حیدرآباد کا سنی مسلمان خاموش رہا۔

لیکن اسی جامعہ کے ایک فرزند ، نوجوان عالم دین اور سچے عاشق رسولؐ مولانا سید محمد تنویر الدین سیف خدانمائی نے اکبر نظام الدین صابری اور اس کی کفریہ عبارات کے پیچھے گھناونی سازش کے رد میں کتاب بعنوان "ضرورت توبہ" لکھ کر قیامت تک اہل سنت الجماعت مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی اس تاریخی و دستاویزی کتاب کی اشاعت کو غریب نواز مشن ایک اعزاز اور ایمانی فریضہ سمجھتا ہے۔

انجمن تحفظ مسلک بانی جامعہ نظامیہ سے بھی توقع ہے کہ وہ حق و باطل کے اس معرکہ میں اہم رول ادا کرے۔

محمد باقر حسین شاذ

کنوینر انٹرنیشنل غریب نواز مشن

قیمت ۔ 5/ روپئے

طباعت: حبیب پرنٹرس ، پتھر بازار ، حیدرآباد۔
کمپیوٹر کمپوزنگ: انعم کمپیوٹرس ، دیوان دیوڑھی ، حیدرآباد

بسم اللہ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ اجمعین امابعد
قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر
لکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم ۝۳۱ ال عمران ۳ ترجمہ اے محبوب تم فرمادو کہ
لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔ اور
تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔
وقال تعالیٰ فی مقام آخر -- ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا
والآخرت واعد لھم عذابا مھینا ۝۵۷ الاحزاب ۳۳ جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے
رسول کو ایذا دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے۔ اور ان کے لئے
ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے حبیب اور آخری نبی سیدنا
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں پیدا فرمایا۔ اور ان کی محبت کو معیار ایمان و
اسلام بنایا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسی حبیب کے صدقہ میں اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم
کی محبت ہر سانس اضافہ فرمائے اور ہمیں محبت اور اظہار محبت کا سلیقہ و قرینہ عطا فرمائے اور
تادم زیست ہمیں ہر لغزش اور کوتاہی سے بچائے اور دنیا و آخرت میں ہر لمحہ ہماری مدد فرمائے
بے پناہ درود و سلام ہوں اس ذات قدسی صفات فداہ ارواحنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پر، جو ہم سب کے ایمان کا مرکز ہیں۔ آمین۔
آج امت مسلمہ خصوصاً مسلمانان حیدرآباد بے انتہا نازک مرحلے سے گذر رہے ہیں
اگر گویم زبان سوزد نگویم استخوان سوزد" کے مصداق محو حیرت ہیں۔ ایک طرف جامعہ
نظامیہ کے ۱۲۵ سالہ جشن کے موقع پر ڈاکٹر یوسف القرضاوی (قطر) جو عالمی سطح کے غیر مقلد اور
وہابیہ کے چوٹی کے عالم مانے جاتے ہیں۔ جن کی اس جشن میں شرکت اور ان کے ذریعہ اس
جشن کا افتتاح وغیرہ۔۔ نہ صرف عوام میں موضوع بحث بنا ہوا ہے بلکہ جامعہ نظامیہ کے مسلک
اہل سنت والجماعت کے تشخص کے لئے ایک مستقل سوالیہ نشان بن چکا ہے۔ وہیں پر جناب
اکبر نظام الدین صابری (جو درگاہ حضرت شاہ خاموش قدس سرہ کے سجادہ نشین اور موجودہ امیر

جامعہ نظامیہ ہیں) کے متنازعہ مضمون نے اہل محبت کے دلوں میں قیامت برپا کردی۔ جو رحمۃ للعالمین صلعم کے عنوان سے ۲۹/ جولائی ۱۹۹۶ء مطابق ۱۲/ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ روز دو شنبہ روزنامہ سیاست کے "میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم سپلمنٹ" میں شائع ہوا اور یہی مضمون، من وعن پانچ سال قبل ۲۲/ سپتمبر ۱۹۹۱ مطابق ۱۲/ ربیع الاول ۱۴۱۲ھ بروز یکشنبہ اسی روزنامہ سیاست میں شائع ہوا تھا۔ دروغ بر گردن راوی معلوم ہوا ہے کہ اسی مضمون کو فاضل مضمون نگار نے مجلس اتحاد المسلمین کے ۱۲/ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ کی شب میں منعقد ہونے والے جلسہ "رحمۃ للعلمین" میں بحیثیت صدر استقبالیہ، خطبہ استقبالیہ کے طور پر پڑھا

اس مضمون میں ایسی کیا خصوصیت ہے جو موصوف کو ایک ہی بات بار بار کہنے پر اکسا رہی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مضمون نگار کو اس کی ان باتوں پر راسخ عقیدہ ہے جب وہ جہاں بھی موقع مل جائے پیش کرنا ضروری سمجھتا ہے۔

اس مضمون سے امت مسلمہ پر بڑی مشکل یہ آپڑی ہے کہ ایک طرف ہندوستان کی دو شہرہ آفاق جامعات جامعہ منظر اسلام بریلی شریف (یوپی) اور جامعہ نعیمیہ مراد آباد (یوپی) نے اس مضمون کی عبارتوں پر کفر کا فتویٰ دیا ہے یہاں تک کہ اسے کفر نہ ماننے والے کو بھی کافر قرار دیا ہے۔ جن کی فوٹو کاپیاں منسلک ہیں۔ جو روزنامہ ساز دکن میں بتاریخ ۱۲/ اکتوبر ۱۹۹۶ء روز شنبہ کو شائع ہوئی ہیں۔

دوسری جانب جنوبی ہند کی شہرہ آفاق جامعہ نظامیہ جس کا خمیر حب رسولؐ اور تقویٰ و توکل سے گوندھا گیا تھا۔ ہماری اسی جامعہ کے مفتیان کرام نے جن کے نام اخبارات میں مخفی رکھے گئے ہیں یہ فتویٰ صادر کیا ہے کہ اکبر نظام الدین صابری صاحب امیر جامعہ نظامیہ کے متنازعہ مضمون سے کہیں بھی گستاخی ظاہر نہیں ہوتی لہذا انہیں کافر قرار نہیں دیا جاسکتا یعنی اگر گستاخی ثابت ہو تو کافر کہا جائے گا۔

گویا جامعہ نظامیہ نے اس طرح کا فتوی جاری کر کے سابقہ فتووں کی بنیاد ہی کی نفی کردی۔ اب عامتہ المسلمین کریں تو کیا کریں۔

ایسے میں ضروری ہوجاتا ہے کہ قابل اعتراض عبارتوں کی زبان و بیان، طرز نگارش، اسلوب وغیرہ سبھی کا جائزہ لیا جائے اور پھر انہیں مذہب مشرب اور مسلک سبھی کو پیش نظر رکھتے ہوئے شریعت کی کسوٹی پر پرکھا جائے۔ تاکہ امت مسلمہ کسی ایک صحیح فیصلہ کن نتیجہ پر

پہنچ سکے۔

نقل کفر کفر نباشد

مذکورہ مضمون کی قابل اعتراض عبارتیں: مضمون نگار یہ لکھتا ہے

۱۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے متعلق کہ کس دن کس تاریخ کس مہینہ، کس سنہ، کس ملک میں، کس قوم میں، کس خاندان میں، کس مقام پر آپ پیدا ہوئے یہ امور (انتسابات) زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ کیونکہ ان میں سے کسی چیز سے بھی رمق برابر فخر حاصل نہیں ہوا۔ بر خلاف اس کے کہ ہر چیز آپ کے قدموں سے مفتخر اور مشرف ہوتی ہے۔"

۲۔ اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک کا بیان زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ آیا آپ حسین و خوبصورت ہیں۔ حضور صلعم کا رنگ کیا تھا۔ نہ اس کی اہمیت ہے"۔۔

"باوجود اس کے آپ حد درجہ خوبصورت بھی تھے مگر کہیں قرآن پاک میں حضور کے حسن کا ذکر نہیں فرمایا گیا۔ جبکہ اسی قرآن میں یوسف علیہ السلام کے حسن صورت کی تعریف میں صفحات نازل فرمائے گئے۔

۳۔ قرآن عزیز میں ذات ستودہ صفات کا تذکرہ آیا ہے تو زور قلم سیرت کی تعریف پر صرف کیا گیا

۴۔ جس ملک اور قوم میں آپ پیدا ہوئے وہ جاہل، تہذیب و تمدن سے کوسوں دور سارے ملک عرب میں اور دیہات کے بالمقابل پایہ تخت مکہ کچھ نہ کچھ اپنی تہذیبی حیثیت رکھتا تھا مگر اس سے بھی آپ کو قدرتاً دور کر دیا گیا جہاں بکریاں چراتے گذر گئی۔ بالکل دیہاتی ماحول، بے علم فضا میں آپ پرورش پائے۔۔۔۔

۵۔ ان حالات اور ایسے ماحول میں زندگی گذارے ہوئے شخص سے کبھی نیک چلنی کی بھی توقع کی جاسکتی ہے چہ جائیکہ رہبری کی امید۔۔۔ مگر اسی جاہل ملک اور قوم کا امی فرد صلی اللہ علیہ وسلم ہادی و رہبر بن کر ظاہر ہوا۔

۶۔ ایک امی اور جاہل فضا کا باشندہ مجموعہ قوانین اور بے مثال تعلیمات جو پوری نزاکتوں اور خوبیوں کی حامل ہوں مرتب کر سکتا ہے اگر امی علیہ السلام ان تعلیمات کو اپنی طرف منسوب فرماتے تو انکار کیا جاسکتا تھا۔۔۔ مگر آپ نے خود ان تعلیمات کو اپنی طرف منسوب نہیں فرمایا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل
مسئلہ کے بارے میں کہ سید اکبر معین الدین
سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ خاموش حیدرآباد کا
ایک مضمون بعنوان رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم مورخہ ۲۹ جولائی
مطابق ۱۲ ربیع الاول روزنامہ سیاست اخبار میں شائع ہوا
اور لاکھوں کے اجتماع جشن عید میلاد النبی میں پڑھا بھی گیا۔ اس
مضمون کا پہلا اقتباس (نمبر ۱) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت
سے متعلق کہ کس دن کس تاریخ کس مہینہ کس سنہ میں کس ملک میں
کس قوم میں کس خاندان میں کس مقام پر آپ پیدا ہوئے یہ امور
(اشتباہات) زیادہ اہمیت نہیں رکھتے کیونکہ ان میں سے
کسی چیز سے بھی رتی برابر فخر حاصل نہیں ہوا۔ دوسرا اقتباس (نمبر ۲)
اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک کا بیان زیادہ اہمیت
رکھتا ہے آیا آپ حسین و خوبصورت تھے حضور صلعم کا دل
کیسا تھا قد کیسا تھا نہ اس کی اہمیت ہے کیونکہ قرآن مجید

اس ذات قدسی صفات پر نازل ہوا اور باوجود اس کے کہ
آپ حد درجہ خوبصورت بھی تھے مگر لیکن قرآن پاک میں حضور
کے حسن کا ذکر نہیں فرمایا گیا جبکہ اسی قرآن میں یوسف علیہ السلام
کے حسن صورت کی تعریف میں صفحات نازل فرمائے گئے۔
اقتباس نمبر ۳ ایک جاہل ملک اور قوم کا امی فرد دنیا کا
ہادی اور رہبر بن کر ظاہر ہوا۔ اقتباس نمبر ۴ مکمل تعلیمات
ہم کو ایک ایسے فرد سے ملے ہیں جو خود بھی ایک جاہل و غیر متمدن
قوم کا فرد ہے۔ اقتباس نمبر ۵ ایک امی اور جاہل
فضا کا باشندہ مجموعہ قوانین اور بے مثال تعلیمات جو پوری
دنیا کی حامل ہو مرتب کر سکتا ہے۔

کیا مذکورہ اقتباسات کی عبارتیں اور اسلوب بیان غیر شرعی
اور گستاخانہ ہے اگر ایسا ہے تو مضمون نگار پر شرعاً کیا حکم
عائد ہوتا ہے جواب سے سرفراز فرما کر مشکور فرمائیں۔

فقط والسلام السائل
حبیب الحسن

نقل مطابق اصل

الجواب ۔ اللهم هداية الحق والصواب ۔ یہ استفتاء بیان [illegible]

اور حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی توہین پر مبنی ہے ۔ اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی شان میں ادنیٰ سے ادنیٰ گستاخی کفر ہے ۔ قائل پر لازم ہے کہ فوراً توبہ و تجدید ایمان کرے اور بیوی والا ہو تو تجدید نکاح بھی کرے ۔ فتاویٰ خیریہ جلد اول ص ۹۹ میں ہے من سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانہ مرتد وحکمہ حکم المرتدین ...... واجمع العلماء انہ کافر ومن شک فی کفرہ کفر اھ ملتقطا ۔ جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرے وہ مرتد ہے ۔ اس کا وہی حکم ہے جو مرتدوں کا ہے اور باجماع علمائے امت وہ کافر ہے جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے ۔

کتاب الخراج سیدنا امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ میں ہے ایما رجل مسلم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او کذبہ او عابہ او تنقصہ فقد کفر باللہ تعالیٰ وبانت منہ زوجتہ ۔ یعنی جو شخص کلمہ گو ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برا کہے یا تکذیب کرے یا کوئی عیب لگائے یا شان گھٹائے وہ بلاشبہ کافر ہو گیا ۔ اور اس کی عورت اس کے نکاح سے نکل گئی ۔ اور شک نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت ، صورت ، حلیہ سب باعث افتخار ہیں ۔ حضور جس شہر میں تشریف فرما ہوئے اللہ تعالیٰ نے اس شہر کی قسم یاد فرمائی لا اقسم بھذا البلد وانت حل بھذا البلد ۔ حضور کی عمر مبارک ۔ حضور کی گفتار مبارک کی قسم یاد فرمائی ۔ احادیث مبارکہ میں شمائل مصطفیٰ کا مستقل باب ہے ۔ شمائل ترمذی مشہور ہے ۔ بجز اس قائل نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جاہل و غیر متمدن قوم کا فرد بتایا ہے امی اور جاہل [illegible] بتایا [illegible] حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امی ہونا معجزہ ہے ۔ بہرحال کلام مشتمل بر توہین ہے ۔ واللہ الھادی وھو تعالیٰ اعلم

کتبہ قاضی محمد عبد الرحیم بستوی غفرلہ القوی
مرکزی دارالافتاء سوداگران بریلی شریف

Phone: 521772

JAMIA NIZAMIAH

Shibligunj,
Hyderabad - 500 264 (A.P.)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فون نمبر ۵۲۱۷۷۲

الجامعۃ النظامیۃ

شبلی گنج حیدرآباد ۵۰۰۲۶۴

شمالی ہندوستان

File and Despatch No. 54/96
Date: 16.10.96

تاریخ ۱۹ء

Please address to the Secretary

براہ کرم خط و کتابت معتمد جامعہ سے فرمائی جائے۔

To

The Editor

For favour of publication

Some local English dailies have published Fatwa following an article on the Prophet of Islam written by Moulana Syed Akbar Nizamuddin Hussaini, Chancellor of Jamia Nizamia which was published by a local Urdu daily.

There were spate of enquiries about xxxxxxxx the Fatwa and the article by Moulana Syed Akbar Nizamuddin Hussaini. I as Secretary of the Jamia Nizamia felt it necessary to refer this sensive matter to the Darul Ifta Bureau of edict issuing of Jamia Nizamia which pronounced the following Fatwa:

"There is no blasphemy regarding the Islam and the Prophet of Islam in the article written by Moulana Syed Akbar Nizamuddin Chancellor of Jamia Nizamia. As such he cannot be declared Kafir."

With this Fatwa the misunderstanding arose from the earlier Fatwas is dispelled totally.

Syed Ahmed Ali,
Secretary, Jamia Nizamia.

ترجمہ: پریس ریلیز مورخہ ۱۶/ اکتوبر ۱۹۹۶ء و فتویٰ جامعہ نظامیہ، حیدر آباد

برائے اشاعت روز ناموں کے لئے

بعض انگریزی اخبارات میں مولانا سید اکبر نظام الدین حسینی چانسلر جامعہ نظامیہ کا تحریر کردہ مضمون ایک مقامی اردو روزنامہ میں شائع ہوا تھا اس سلسلے میں فتووں کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ انہوں نے (جناب سید احمد علی) نے کہا کہ وہ بہ حیثیت سیکریٹری جامعہ نظامیہ، مولانا اکبر نظام الدین حسینی چانسلر جامعہ نظامیہ کی جانب سے تحریر کردہ مضمون کے سلسلے میں فتاویٰ کے صادر کئے جانے کے صحت کے تعلق سے اس حساس معاملہ کو جامعہ نظامیہ کے دار الافتاء سے رجوع کرنا ضروری خیال کیا۔ جس پر جامعہ نظامیہ نے مندرجہ ذیل فتویٰ جاری کیا ہے۔

"مولانا اکبر نظام الدین حسینی چانسلر جامعہ نظامیہ کی جانب سے تحریر کردہ مضمون میں اسلام اور پیغمبر اسلام کے تعلق سے ایسی کوئی گستاخی موجود نہیں ہے۔ لہذا وہ کافر قرار نہیں دیئے جاسکتے۔"

مذکورہ بالا فتویٰ کی روشنی میں قبل ازیں صادر کردہ فتاویٰ سے جو غلط فہمی پیدا ہو گئی مکمل کالعدم قرار پاتی ہے۔"

(شرح دستخط سید احمد علی سکریٹری، جامعہ نظامیہ، حیدر آباد)

چونکہ جامعہ نظامیہ کے مفتیان کرام نے "کوئی گستاخی موجود نہیں ہے" کہکر مسئلہ کی بنیاد ہی کی نفی کر دی ہے اس لئے ان عبارتوں کا مکمل جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ پہلے والے دو فتاویٰ اور بعد کے جامعہ نظامیہ کے فتویٰ کی حقیقت روشن ہو سکے۔

پہلی قابل اعتراض عبارت کا جائزہ۔ مضمون نگار یہ لکھتا ہے کہ

> "حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے متعلق کہ (۱) کس دن (۲) کس تاریخ (۳) کس مہینہ (۴) کس سنہ (۵) کس ملک میں (۶)، کس قوم میں (۷) کس خاندان میں، (۸) کس مقام پر آپ پیدا ہوئے۔ یہ امور (انتسابات) زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ کیونکہ ان میں سے کسی چیز سے بھی رمق برابر فخر حاصل نہیں ہوا۔ برخلاف اس کے کہ ہر چیز آپ کے قدموں سے مفتخر اور مشرف ہوتی ہے"۔

تبصرہ: خط کشیدہ جملوں میں "یہ امور (انتسابات) زیادہ اہمیت نہیں رکھتے کیونکہ ان میں سے کسی چیز سے رمق برابر فخر حاصل نہیں ہوا" کہنا گستاخی، بے ادبی اور تخفیف شان رسالت شمار کی جاتی ہے اس پیراگراف میں آٹھ چیزیں بیان کی گئی ہیں۔ جن میں سے۔

الف: چار چیزیں ۱، دن، ۲، تاریخ، ۳، مہینہ ۴، سنہ، کا تعلق۔ زمانہ سے ہے۔

ب: ملک اور مقام کا تعلق۔۔ علاقہ سے ہے۔

ج: قوم اور خاندان کا تعلق۔۔ قبیلہ اور نسب سے ہے۔

مضمون نگار نے "رمق برابر فخر حاصل نہیں ہوا" کہہ کر ان تمام امور انتسابات کی شرافت، بزرگی اور افتخار کی کاملاً نفی کر دی۔ ایسا کرنا بہت بڑی گستاخی ہے۔ شریعت کی نظر میں آپ کی کسی بھی نسبت کی تخفیف بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں تخفیف شمار کی جاتی ہے۔

اہل علم پر روشن ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک کا زمانہ، ملک و مقام خاندان، قبیلہ حسب نسب کے بارے میں تمام علماء امت اس بات پر متفق ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولات باسعادت سب سے بہتر زمانے، سب سے اشرف و معزز مقام پر ہوئی اور آپ سب سے بہتر قوم، سب سے بہتر خاندان میں پیدا ہوئے آپ نے ان تمام انتسابات کو تحدیث نعمت کے طور پر بیشتر احادیث میں بیان فرمایا ہے زیادہ تفصیل میں گئے بغیر قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف تصنیف "الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم" سے بلا تبصرہ چند سطور و احادیث نقل کی جاتی ہیں۔ چھٹی فصل آپ کی نسبی شرافت اور

آپ کے شہر کی کرامت" وغیرہ کے عنوان سے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

فصل۔ ۶

حسب نسب کی بلندی

آپ کے نسب کی شرافت شہر کی بزرگی اور پرورش پانے کا بیان

سرور کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نسب کی شرافت اور آپ کے شہر و جائے پیدائش کی عظمت محتاج بیان و دلیل نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی اشکال و اخفا ہے کیوں کہ آباؤ اجداد کے لحاظ سے فخر دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام بنی ہاشم بلکہ جملہ قریش میں ممتاز اور سارے عرب میں شریف النسب اور معزز ترین ہیں۔ آپ کی جائے پیدائش مکہ مکرمہ ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے عظمت والا شہر ہے۔

قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حدیث بیان کی قاضی القضاۃ حسین بن محمد الصدفی رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے قاضی ابو الولید سلیمن بن حلف نے ان سے ابو عبد بن احمد نے ان سے ابو محمد سرخسی ابو الاسحق اور ابو الھیثم نے ان سے محمد بن یوسف نے ان سے محمد بن اسمعیل نے ان سے قتیبہ بن سعید نے۔ ان سے یعقوب بن عبد الرحمن نے انھوں نے عمر اور سعید المقبری سے سنا انھوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا۔

وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اولاد آدم کے زمانوں میں سے سب سے بہتر زمانہ میں مبعوث فرمایا گیا۔ یہاں تک کہ میں اس قرن میں ہوں۔ جس میں مجھے دیکھ رہے ہو۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنھما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان اللہ خلق الخلق فجعلنی من خیر ھم من خیر قر نھم ثم تخیر القبائل فجعلنی من خیر قبیلہ ثم تخیر البیوت فجعلنی من خیر بیو تھم فانا خیر ھم نفسا و خیر ھم بیتا۔

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا تو مجھے لوگوں اور بہتر زمانے میں رکھا۔ پھر قبائل پر نظر انتخاب ڈالی تو بہتر قبیلے میں پیدا فرمایا۔ پھر گھرانوں پر نظر انتخاب ڈالی تو مجھے بہتر گھر میں پیدا فرمایا۔ پس میں ذاتی طور پر اور گھر کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر ہوں۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو چنا۔ اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے بنی کنانہ کو اور بنی کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم سے مجھے چنا ہے۔ امام ترمذی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما (المتوفی ۷۴ھ) کی روایت میں ہے جسے امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری رحمتہ اللہ علیہ المتوفی ۳۱۰ھ نے نقل کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے۔

ان اللہ عز وجل اختار خلقه فاختار منهم بنی آدم ثم اختار بنی ادم فختار منهم العرب ثم اختار العرب فختار منهم قریشا ثم اختار قریشا فاختار منهم بنی هاشم ثم اختار بنی هاشم فاختار نی منهم فلم ازل خیارا من خیار الا من احب العرب فبحبی احبهم ومن ابغض العرب فببغضی ابغضهم۔

ترجمہ:۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے مخلوق سے بنی آدم کو چن لیا، پھر بنی آدم سے عرب کو چن لیا، پھر عرب سے قریش کو چن لیا۔ پھر قریش سے بنی ھاشم کو چن لیا۔ پھر بنی ھاشم سے مجھے چن لیا۔ پس میں ہمیشہ بہتر سے بہتر گروہوں میں رہا ہوں۔ سن لو، جو عرب والوں سے محبت رکھتا ہے تو مجھ سے محبت رکھنے کے باعث اور جو ان سے عداوت رکھتا ہے۔ تو مجھ سے عداوت رکھنے کے باعث۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان قریشا کانت نورا بین یدی اللہ تعالی قبل ان یخلق آدم بالفی عام یسبح ذالک النور و تسبح الملئکة بتسبیحه فلما خلق اللہ آدم القی ذلک النور فی صلبه فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فاهبطنی اللہ الی الارض فی

صلب آدم و جعلنی فی صلب نوح وقذف بی فی صلب ابراھیم ثم لم یزل الله تعالی ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ و الارحام الطاہرۃ حتی اخرجنی بین ابوی لم یلتقیا علی سفاح قط۔

بیشک یہ قریشی نبی، حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے بارگاہ خداوندی میں نور تھا یہ نور اللہ کی تسبیح بیان کرتا تو فرشتے بھی اس کی تسبیح کے ساتھ تسبیح کرتے۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو یہ نور ان کے صلب میں رکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے صلب آدم میں رکھ کر زمین پر اتارا۔ پھر صلب نوح علیہ السلام میں حتی کہ صلب ابراہیم میں ڈالا پھر اللہ تعالیٰ نے اصلاب کریمہ اور ارحام طاہرہ میں منتقل فرماتا رہا حتی کہ مجھے میرے والدین کریمین سے پیدا فرمایا۔ میرے آباو اجداد کبھی زنا کے نزدیک نہیں پھٹکے۔

اس حدیث کی صحت اس قصیدے سے بھی ہوتی ہے جو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سرور کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف میں پیش کیا تھا۔

(کتاب الشفاء۔ بتعریف حقوق المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ تالیف ابو الفضل قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ (ولادت ۴۷۶ھ / ۱۰۸۳ء وفات ۵۴۴ھ / ۱۱۴۹ء) مترجمہ مولانا عبد الحکیم صاحب اختر شاہجہاں پوری ناشرین مفتی اعظم اکاڈمی، مدینہ مسجد ملتانی محلہ، گاندھی نگر، دہلی۔ ۳۱۔ سنہ طباعت ۱۹۹۴۔ بار اول۔)

الحاصل احادیث مبارکہ سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خاندان، قبیلہ، قوم، نسل زمانہ ولادت وغیرہ کی شرافت اور بزرگی بیان فرما کر تحدیث نعمت فرما رہے ہیں۔

اب آپ ہی فیصلہ فرمائیے کہ متنازعہ مضمون نگار اکبر نظام الدین صابری کا یہ کہنا کہ "یہ امور انتسابات زیادہ اہمیت نہیں رکھتے ان میں سے کسی چیز سے بھی رمق برابر فخر حاصل نہیں ہوا" اور اس میں خصوصاً رمق برابر والے الفاظ سراسر گستاخی اور استخفاف ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی شریف کے عین منافی ہیں۔

اقوال رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کے بعد مضمون نگار یہ لکھتا ہے کہ۔

"برخلاف اس کے کہ ہر چیز آپ کے قدموں سے مفتخر اور مشرف ہوتی ہے"۔

اس نے یہ فقرہ صرف اپنے بچاؤ اور ڈھال کے طور پر اپنی مدافعت میں توہین کی شرعی سزا سے بچنے کے لئے پیش کیا ہے۔

دوسری قابل اعتراض عبارت کے جائزہ لینے سے پہلے ایک واقعہ

۱۱۔ اس موقع پر ایک شخص کے واقعہ کا ذکر یہاں بے محل نہ ہوگا۔ وہ پہلے مسلمان تھا بعد میں ارتداد کر کے مسیحی ہوگیا پھر تجدید ایمان کیا پھر مرتد ہوگیا وہ اس آیت کی جیتی جاگتی تصویر تھا۔ ان الذین آمنوا ثم کفروا ثم آمنوا ثم کفروا ثم ازدادوا کفرا لم یکن اللہ لیغفر لھم ولا لیھدیھم سبیلا (۱۳۷ النساء ۴)

ترجمہ:۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر کفر میں اور بڑھے اللہ ہرگز انہیں نہ بخشے نہ انہیں راہ دکھائے۔

اس نے کہا تھا کہ "بی بی مریم علیہا السلام کے حاملہ ہونے سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت باسعادت اور گہوارہ میں اعلان نبوت سے لے کر آپ کے آسمان پر اٹھائے جانے تک ہر ہر لمحہ کے واقعات قرآن مجید میں موجود ہیں۔ بلکہ بی بی مریم کے وضع حمل وغیرہ کے واقعات بھی قرآن مجید میں آئے ہیں۔ لیکن اسی قرآن پاک میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک کا کہیں ذکر نہیں فرمایا گیا۔ اس سے تو ہمارے عیسیٰ علیہ السلام کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ (معاذ اللہ الف الف معاذ اللہ) عظمت کہاں ظاہر ہوتی ہے اگر آپ کی ولادت کا بیان اہمیت رکھتا تو ضرور قرآن مجید میں ذکر آتا" الامان والحفیظ۔

اس واقعہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے اس مرتد کی باطنی خباثت بھری عبارت کو سامنے رکھ کر یہ عبارت پڑھئے۔

"اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک کا بیان زیادہ اہمیت رکھتا ہے آیا آپ حسین وخوبصورت ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ کیا تھا۔ قد کیا تھا۔ نہ اس کی اہمیت ہے۔ باوجود اس کے آپ صلعم حد درجہ خوبصورت تھے مگر کہیں قرآن پاک میں حضور کے حسن کا

ذکر نہیں فرمایا گیا۔ جبکہ اسی قرآن میں یوسف علیہ السلام کے حسن صورت کی تعریف میں کئی صفحات نازل کیے گئے۔"

(مولفہ اکبر نظام الدین حسینی صابری، سجادہ نشین درگاہ شاہ خاموش رحمتہ اللہ علیہ و موجودہ امیر جامعہ نظامیہ، حیدرآباد، شائع شدہ روزنامہ سیاست ۱۲/ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۹/ جولائی ۱۹۹۶ء۔ میلاد النبی سپلمنٹ صفحہ اول)

ذرا غور کیجئے تو روش اعتراض اور طرز گفتگو سے اندازہ ہو جائے گا کہ کس کے منہ میں کس کی زبان بول رہی ہے۔

تعجب تو اس بات کا ہے کہ جملے اس مرتد کے نہیں ہیں جو اسلام چھوڑ کر مسیحی ہو گیا تھا بلکہ اس مضمون نگار کے ہیں جو حضرت شاہ خاموش کا رحمتہ اللہ علیہ سجادہ نشین ہے اور مرکز علم دین جامعہ نظامیہ کے عہدہ جلیلہ (امیر جامعہ) پر براجمان ہے۔ اس کے یہ جملے روزنامہ سیاست میں میلاد النبی سپلمنٹ میں دو مرتبہ شائع ہو چکے ہیں۔

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ مضمون نگار اپنے ان جملوں سے کیا ثابت کرنا چاہتا ہے ؟ آیا یہود کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتا ہے یا کوئی اور بات ہے ؟ اس مقام پر ہماری عقل دنگ اور فہم حیران ہے۔ حضرت سید افتخار علی شاہ وطن قدس سرہ نے بالکل درست فرمایا تھا۔

خواہان یار جاتے ہیں اغیار کی طرف
گل دیکھنے کو آئے چلے خار کی طرف

متنازعہ مضمون نگار کی ان مذکورہ عبارتوں کے پڑھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ یا تو واقعتاً کم سواد ہے یا پھر دانستہ طور پر منظم طریقہ سے ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں معاذ اللہ گستاخی پر تلا ہوا ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے حسن کے بارے میں صفحات نازل کئے گئے کہنے سے ممکن ہے کہ اس کا اشارہ سورہ یوسف کی طرف ہی ہو۔ اس لحاظ سے مضمون نگار کی قرآن مجید سے بے تعلقی اور دوری کا صاف اظہار ہوتا ہے۔ اگر اس نے زندگی بھر میں کبھی قرآن مجید کی تلاوت کی ہوتی تو چھبیسویں پارہ میں ہمارے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی اسم گرامی سے موسوم سورہ محمد بھی اسے ضرور نظر آتا

آنچہ ما کردیم بر خود ہیچ نابینا نکرد

درمیان خانہ گم کردیم صاحب خانہ را

ترجمہ: ہم نے اپنے آپ پر ایسا ظلم کیا کہ کسی نابینا نے بھی نہ کیا۔ اپنے گھر میں رہتے ہوئے صاحب خانہ کو کھو بیٹھے)

جوابات

پہلے اعتراض کا جواب:

چونکہ یہودیوں نے حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام دونوں پر معاذ اللہ تہمتیں باندھی تھیں جس سے دونوں کی توہین ہوتی تھی اور دوسری جانب عیسائیوں نے خود توحید کے عقیدہ کو باطل کرتے ہوئے حضرت بی بی مریمؑ کو معاذ اللہ خدا کی بیوی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو معاذ اللہ خدا کا بیٹا قرار دیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ نفخ روح سے لے کر بی بی مریمؑ کے حمل اور وضع حمل اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت پاک اور انتہا یہ کہ آپ کے آسمان پر اٹھائے جانے تک کے واقعات کو بھی قرآن مجید میں بیان فرمادیا۔ تاکہ

ایک طرف تو الزامات یہود کی تردید ہوجائے اور ساتھ ہی ساتھ بی بی مریم کی عفت اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت بھی ثابت کردی جائے اور دوسری جانب عیسائیوں کے مشرکانہ عقیدہ تثلیث کی بھی تردید ہوجائے۔

چونکہ ہمارے آقا و مولیٰ فداہ ارواحنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت با سعادت کے بارے میں کوئی اعتراض ہی نہ تھا تو پھر کس بات کی صفائی اللہ تعالیٰ کی جانب سے پیش فرمائی جاتی؟

دوسرے اعتراض کا جواب:

یہی حال دوسرے اعتراض کا بھی ہے۔ ایسے میں جبکہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن و جمال کے بارے میں کوئی اعتراض ہی نہ تھا اور نہ معاذ اللہ کوئی الزام کہ جس کی بنا پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے قرآن مجید میں اس کا جواب آتا۔

ہاں!
جہاں کہیں کفار و مشرکین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو طعنے دیئے اور جہاں جہاں جھوٹے الزامات لگائے تو اللہ تعالیٰ نے ان کا جواب دیا ہے۔ جیسے آپ کی اولاد نرینہ کے زندہ نہ رہنے پر کفار و مشرکین نے رکیک طعنہ دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کا جواب سورہ کوثر نازل فرما کر دیا اور ان کا رد فرمایا۔

اسی طرح جب کفار و مشرکین نے آپؐ کو معاذ اللہ مجنون کہا تو اللہ تعالیٰ نے سورہ قلم نازل فرمائی اور ان کا رد فرمایا۔ ارشاد ہوا کہ

ن والقلم ومایسطرون ○ ن۔ قلم اور اس کے لکھے کی قسم

ماانت بنعمہ ربک بمجنون ○ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں۔

وان لک لا اجرا غیر ممنون ا ۔ اور ضرور آپ کے لئے بے انتہا اجر ہے

وانک لعلی خلق عظیم ا ۔ اور بیشک آپ کی خو بو بڑی شان کی ہے۔

فستبصر ویبصرون ○ سو عنقریب اب آپ بھی دیکھ لوگے اور وہ بھی دیکھ لیں گے۔

بایکم المفتون ○ کہ تم میں کون مجنون تھا

ان ربک ھو اعلم بمن ضل عن سبیلہ وھو اعلم بالمھتدین ○
بیشک تمہارا رب خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بہکے اور وہ خوب جانتا ہے جو راہ پر ہے۔

فلا تطع المکذبین ○ تو آپ کسی جھٹلانے والوں کی بات نہ سننا

ودوالو تدھن فید ھنون ○ وہ تو اس آرزو میں ہیں کہ تم کسی طرح نرمی کرو تو وہ بھی نرم پڑ جائیں۔

ولا تطع کل حلاف مھین ○ اور ہر ایسے کی بات نہ سننا جو بڑا قسمیں کھانے والا

ھماز مشاء بنمیم ○ ذلیل بہت طعنے دینے والا ہے چغل خور

مناع للخیر معتد اثیم ○ بھلائی سے بڑا روکنے والا

عتل بعد ذلک زنیم ○ درشت خو، اس سب پر طرہ یہ کہ اس کی اصل میں خطا (یعنی حرام زادہ)

ان کان ذا مال وبنین ○ اس پر کہ کچھ مال اور بیٹے رکھتا ہے

اذا تتلی علیہ ایاتنا قال اساطیر الاولین اسنسمہ علی الخرطوم ○
جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے اگلوں کی کہانیاں ہیں قریب ہے کہ اس کی

سور کی سی تھوتنی پر داغ دیں گے۔ (آیات ۱ تا ۱۷ ک القلم ۶۸)

واقعہ یہ ہے کہ جب یہ آیات نازل ہوئیں تو ولید بن مغیرہ نے اپنی ماں سے جاکر کہا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم) نے میرے حق میں دس باتیں فرمائی ہیں۔ نو (۹) کو تو میں جانتا ہوں کہ مجھ میں موجود ہیں لیکن دسویں بات اصل میں خطا ہونے کی اس کا حال مجھے معلوم نہیں یا تو مجھے سچ سچ بتادے ورنہ میں تیری گردن ماردوں گا۔ اس پر اس کی ماں نے کہا کہ ترا باپ نا مرد تھا مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ مرجائے گا تو اس کا مال غیر لے جائیں گے تو میں نے ایک چرواہے کو بلالیا، تو اس سے ہے۔

فائدہ: ولید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ایک جھوٹا کلمہ کہا تھا "مجنون" اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے اس کے دس واقعی عیوب ظاہر فرمادیئے۔ اس سے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور شان محبوب صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوتی ہے۔ (صفحہ ۸۲۰ حاشیہ سورہ القلم) مولانا نعیم الدین مرادآبادی و دیگر تمام مفسرین نے یہی لکھا ہے۔ یہ دس نشانیاں ان لوگوں کی ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں اور تنقیص وغیرہ کیا کرتے ہیں۔)

اسی لئے مولانا روم رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا:

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنہ پاکان زند

ترجمہ: "جب خدائے تعالیٰ کسی کی عزت و ناموس کا پردہ چاک کرنا چاہتا ہے تو اس کی طبیعت کو پاک لوگوں (یعنی انبیاء، اولیاء وغیرہ) کے بارے میں طعنہ زنی کی جانب مائل کر دیتا ہے"۔

جب کفار و مشرکین نے آپؐ کو معاذ اللہ مسحور وغیرہ کہا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے قول کو نقل فرماکر اگلی آیت میں ان کارد فرمایا۔

اذ یقول الظالمون ان یتبعون الا رجلا مسحورا ○

جب کہ ظالم کہتے ہیں پیچھے نہیں چلتے مگر ایسے مرد کے، جس پر جادو ہوا۔

انظر کیف ضربوا لک الامثال فضلوا فلا یستطیعون سبیلا ○ (۴۸۔۴۷ بنی اسرائیل ۱۷)

ترجمہ:۔ (اے حبیب) دیکھو انہوں نے تمہیں کیسی تشبیہیں دیں سو یہ لوگ گمراہ ہوئے کہ راہ

نہیں پاسکتے۔

اسی طرح ایک مرتبہ یہ ہوا کہ چند روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نہ آئی تو کفار نے طعن کے طور پر کہا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم) کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور مکروہ جانا۔ اس پر سورہ والضحیٰ نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اس میں ان کفار کے طعن کا رد فرمایا۔ ارشاد ہوا۔

والضحی ○ والیل اذا سجی ○ ماودعک ربک وماقلی ○

(۳،۲،۱، ک والضحی، ۹۳)

ترجمہ:۔ چاشت کی قسم اور رات کی جب وہ پردہ ڈالے کہ آپ کے رب نے آپ کو نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا

مولانا نعیم الدین مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ "بعض مفسرین نے فرمایا چاشت اشارہ ہے نور جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اور شب کنایہ ہے آپ کے گیسوئے عنبریں کی طرف (روح البیان صفحہ ۸۶۹، حاشیہ تفسیر سورۃ والضحیٰ)

قاضی عیاض رحمتہ اللہ علیہ اور طبقہ اول کے تمام مفسرین نے بھی آپ سے صدیوں پہلے یہی تفسیر فرمائی ہے۔

اور یہی بات علامہ جامی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی پر نور محبت بھری نعت میں فرماتے ہیں۔

بہ وصف رخش والضحیٰ گشت نازل
والیل بر زلف و خال محمد

ترجمہ: والضحیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخ انور اور واللیل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زلف وخال مبارک کی شان میں نازل ہوا۔

غور فرمایئے! جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ اقدس اور گیسوئے عنبریں کی قسم قرآن مجید میں یاد فرمائی تو اب متنازعہ مضمون نگار، کون سے حسن کے تذکرہ کا طلبگار ہے۔ جو اسے قرآن مجید میں نظر نہیں آتا؟

اب آپ ہی فیصلہ کریں کہ مضمون نگار حضرت یوسف علیہ السلام کے حسن کا تذکرہ قرآن مجید سے ثابت کرتے ہوئے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن بے مثال کے قرآن مجید میں عدم تذکرہ پر زور دے کر، ہمارے سرکار دو عالم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں کونسی

فضیلت ثابت کرنا چاہتا ہے؟ سوائے اس کے کہ قرآن مجید کو آڑ بنا کر حسن رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی معاذ اللہ تخفیف کی جائے۔ حضرت شیخ سعدی نے کیا خوب کہا

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم۔ چشمہ آفتاب راچہ گناہ

ترجمہ (اگر چمگادڑ کی آنکھ والا روشن دن میں نہ دیکھ سکے تو اس میں آفتاب کا کیا قصور ہے)

تب ہی تو مضمون نگار آگے رقمطراز ہے۔

(قرآن عزیز میں ذات ستودہ صفات کا تذکرہ آیا ہے تو زور قلم سیرت مبارکہ کی تعریف پر صرف کیا گیا)

اس فقرہ کو غور سے پڑھئے اس میں ایک جانب تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن کی معاذ اللہ تخفیف ہو رہی ہے تو دوسری جانب "قرآن مجید" کے حق میں "زور قلم" کے الفاظ استعمال کرنے سے قرآن کے وحی ہونے کا معاذ اللہ انکار ظاہر ہوتا ہے

اس طرح کے اعتراضات یا تو یہود و نصاریٰ، آریا سماجی وغیرہ جیسے اسلام دشمن عناصر کیا کرتے ہیں یا پھر فرقہ ہائے باطلہ اہل قرآن وغیرہ کا وطیرہ رہا ہے۔ وہ ہر بات پر قرآن قرآن کہتے ہیں۔ اور حدیث کا انکار کرتے ہیں یا پھر حدیث کو مان بھی لیں تو ضعیف اور غیر صحیح وغیرہ کہکر اہانت رسول پر کمربستہ رہتے ہیں جیسے اہل حدیث ڈاکٹر یوسف القرضاوی وغیرہ۔

چوتھی اور پانچویں قابل اعتراض عبارت کا جائزہ:

مضمون نگار کا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں "جاہل ملک، دیہاتی ماحول وغیرہ میں پرورش پائے ہوئے" کہنا گستاخی ہے۔ ان جملوں سے آپ کی کوئی بزرگی ظاہر نہیں ہوتی بلکہ تخفیف شان صاف نظر آتی ہے۔ ان عبارات کی رد میں بھی سینکڑوں دلائل اور بے شمار صفحات تحریر کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن یہاں صرف اس قدر عرض کر دینا کافی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ دیہات کو روانہ کر دینا یہ خالص عرب کے قاعدہ کے مطابق تھا۔ معاذ اللہ جنگلی ماحول میں پرورش کے لئے نہیں اس میں دوسری حکمت یہ تھی کہ دیہاتی عرب بدوؤں کا ٹھیٹ اور بہتر عربی لب و لہجہ ہوتا تھا۔ برخلاف اس کے شہروں کی زبان مسافروں، تاجروں اور زائرین وغیرہ کی آمد و رفت سے متاثر

ہو جاتی تھی۔ اس اختلاط زبان سے محفوظ رکھنے کے لئے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دست منتقل کیا گیا۔

متنازعہ مضمون نگار کا یہ کہنا کہ اس سے بھی (یعنی شہر مکہ سے بھی) قدرتا دور کیا گیا عجیب فلسفہ معلوم ہوتا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مضمون نگار کو تاریخ اور اس کی مبادیات سے بھی کچھ واقفیت نہیں۔ یا پھر۔

مستند ہے میرا فرمایا ہوا

کے زعم باطل کا شکار ہے

خرد کا نام جنوں رکھ دیا، جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کی چشم کرشمہ ساز کرے

اس کے بعد مضمون نگار نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایسے بدترین او گستاخانہ جملے تحریر کئے ہیں کہ حمیت لمانی اس کو قطعاً برداشت نہیں کر سکتی۔ لکھا ہے۔

